# سیکس چیجنگ(Sex changing ) اسلام میں جائز یا ناجائز

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اسلام سیکس چیجنگ(Sex changing ) کے بارے میں کیا کہتا ہے یعنی اسلام میں کیا مرد کا عورت ہونا اور عورت کامرد ہونا جائز ہے ؟

سائل: حسین (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

اسلام میں سیکس چیجنگ(Sex changing ) مرد کا عورت اور عورت کا مرد بننا ناجائز وحرام ہے ۔ کیونکہ یہ تغییر خلق اللہ ہے یعنی اللہ کی بنائی ہوئی چیز میں تغییر یعنی تبدیلی کرنا ہے اور اللہ کی تخلیق میں تبدیلی ناجائز وگناہ اور کارِ شیطان ہے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَلاٰمُرَنَّہُمْ فَلَیُغَیِّرُنَّ خَلْقَ اللہِ۔ترجمہ: (شیطان بولا)میں ضرور انہیں کہوں گا کہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزیں بدل دیں گے۔

(سورۃ النساء، آیت 119)

اس آیت کے تحت تفسیر خزائن العرفان میں ہے: مَردوں کا عورتوں کی شکل میں زنانہ لباس پہننا عورتوں کی طرح بات چیت اور حَرَ کات کرنا جسم کو گُود کر سرمہ یا سَیندور وغیرہ جلد میں پیوست کرکے نقش و نگار بنانا بالوں میں بال جوڑ کر بڑی بڑی جٹیں بنانا بھی اس میں داخل ہے۔

(خزائن العرفان )

جب عورتوں سے ظاہری مشابہت ناجائز و حرام تو پورے جسم کو عورتوں کی طرح کرلینا کس قدر ممنوع و ناجائز ہوگا۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی جسم میں اس طرح کی تبدیلی کرنے والوں پر لعنت فرمائی اور ایسا کرنے سے منع فرمایا ۔چنانچہ مسلم شریف کی حدیث پاک میں ہے ۔**"لَعَنَ اللّٰہُ الوَاشِمَاتِ وَالمُوتَشِمَاتِ ...المُغَیِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰہِ"**ترجمہ: اللہ لعنت کرے گودنے والیوں اور گودوانے والیوں ----اللہ کی تخلیق میں تبدیلی کرنے والیوں پر اللہ تعالی کی لعنت ۔

(صحیح مسلم کتاب تحریم فعل الواصلہ رقم 2125 جلد 2،ص205)

اس حدیث میں لفظ **"المُغَیِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰہِ"** آیا ہے اس کی شرح بیان کرتے ہوئے اشعہ کے حوالے سے مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: خیال رہے کہ تبدیلی خلق اللہ دوطرح کی ہے: ایک شرعًا جائز دوسری حرام ۔چنانچہ ختنہ کرنا ، ناخن کٹوانا، مونچھیں ترشوانا ،حجامت کرانا ان میں بھی تبدیلی خلق اللہ تو ہے مگر اس کا حکم ہےاور یہ مذکورہ چیزیں دانت پتلے کرانا وغیرہ تبدیلی خلق اللہ ہے مگر حرام،یہاں حرام تبدیلی مراد ہے یعنی چونکہ اس حرکت میں حرام تبدیلی ہے لہذا یہ ممنوع ہے۔

(مرآۃالمناجیح،جلد6،ص153،مطبوعہ نعیمی کتب خانہ)
یعنی جسم میں ایسی تبدیلی بھی منع ہے جو حسن کے لیے کی جائے تو پورے جسم کو بدلنا کس قدر سخت ممنوع اور باعث لعنت خداوندی ہوگا۔
اورانسان اپنے اعضاء کا مالک نہیں لہذا اس میں وہ تبدیلی جائز ہے جسے اللہ تعالی نے جائز کیا۔
جیساکہ ارشاد الساری میں ہے"**"أن جناية الإنسان على نفسه كجنايته على غيره في الإثم، لأن نفسه ليست ملكًا له مطلقًا، بل هي لله، فلا ينصرف فيها إلا بما أذن له فيه"**ترجمہ:بے شک انسان کی اپنے نفس پر زیادتی گناہ ہے جیسا کہ دوسرے پر زیادتی گناہ ہے کیونکہ انسان اپنے نفس کا مطلقاً مالک نہیں ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے پس اس میں وہی تصرف جائز ہے جس کی اجازت دی گئی ہے۔
(ارشاد الساری لشرح صحیح البخاری،جلد14،ص72،مطبوعہ دار الفکر بیروت)
وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہُ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**خادمِ دارالافتاء و اسلامک لاء کونسل یوکے**

Date:30 -07-2019

**Is it permissible or impermissible in Islām to have a sex change?**

الحمدللہ والصلوة والسلام علی رسول اللہ

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: What does Islām say about having a gender change i.e. is it permissible in Islām for a male to become a female, and likewise, a female to become a male?**

Questioner: Husain from England

**ANSWER:**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھّاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Sex change - for a man to become a woman and a woman a man - is impermissible & unlawful in Islām. The reason being that this is changing the creation of God, in other words, transforming i.e. changing what God created from the onset, and it is impermissible & a sin to change God's creation and a satanic act.

Thereby, it being stated by the Lord Almighty,

{وَلَاٰمُرَنَّھُمْ فَلَیُغَیِّرُنَّ خَلْقَ اللہِ}

{'and I will definitely order them so that they will change the creation of Allāh ﷻ'}

[Sūrah al-Nisā', v 118]

It is stated in Tafsīr Khazā'in al-'Irfān regarding this verse that males wearing the clothing of females or something similar, talking like women, behaving in the same manner as females, applying eyeliner, or red colouring[1] on their body as women do, having patterned designs applied [e.g. Mehndi - henna] on their skin like females, tying their hair in large, long plats as they do all come under this.

[Khazā'in al-'Irfān]

When it is impermissible & unlawful to imitate women in just their physical appearance, one can only begin to imagine as to how prohibited & impermissible it will be to transform the entire body into that of a female's.

[1] used by Hindu women as a farewell sign, symbolising becoming a wife.

The Noble Prophet ﷺ has also stated such person who changes themselves is severely deprived from Allāh's Mercy, and has also prohibited people from doing this. There is a blessed Hadīth thereby stated in Sahīh Muslim,

"لَعَنَ اللَّهُ الوَاشِمَاتِ وَالمُوتَشِمَاتِ ...المُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ"

"Allāh Almighty has cursed women who tattoo themselves, get tattooed…who change God's creation."

[Sahīh Muslim, vol 2, pg 205]

'Those who change God's creation' has been mentioned in this Hadīth, and Muftī Ahmad Yār Khān Na'īmī, upon whom be mercy, states with regards to the explanation of this, referencing Ash''iah[2], that one should bear in mind that there are two forms of changing the creation of God in Islām:

1 - Lawful
2 - Unlawful

Furthermore, even though there is also changing the creation of God in circumcision, cutting the nails, trimming the moustache, cutting one's hair, however, these have been commanded to be done. On the other hand, the aforementioned things, filing/shaping teeth[3], etc are regarded as changing the creation of God which is of the unlawful kind. Here, this is referring to unlawful change i.e. because there is an unlawful change in this action, thus this being prohibited.

[Mir'āt al-Manājīh, vol 6, pg 153]

In other words, such type of change is also prohibited which is done for the purposes of beautification, so one can only begin to imagine as to how prohibited and how much of a severe cause of deprivation from Allāh's Mercy it will be to completely transform one's whole body.

In reality, a person is not the true owner of their own body, thus only that form of change is permitted which Allāh Almighty Himself has permitted.

---

[2] A commentary on the Hadīth collection Mishkāh al-Masābīh

[3] i.e. for beautification purposes; medical need is of course permitted.

Just as it is stated in Irshād al-Sārī,

"أن جناية الإنسان على نفسه كجنايته على غيره في الإثم، لأن نفسه ليست ملكًا له مطلقًا، بل هي لله، فلا ينصرف فيها إلا بما أذن له فيه"

“Without doubt, it is a sin for someone to physically injure/wound themselves, just as it is a sin to physically injure/wound someone else. The reason for this being that a person is not the true owner of their own body; rather, it is in the ownership of Allāh Almighty; only that form of change is allowed which has been permitted.”

[Irshād al-Sārī li Sharh Sahīh al-Bukhārī, vol 14, pg 72]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali